© rasailojaraid.com

یہ کتاب مضبوط وخوب صورت جلد میں مناسب کاغذ وطباعت کے ساتھ چھپی ہے، سیٹنگ میں سلیقہ مندی بھی نمایاں ہے، البتہ پروف ریڈنگ میں کچھ غلطیاں رہ گئی ہیں۔

**احکام سفر** : مؤلف: مفتی محمد طاہر مسعود، ناشر: مکتبۃ الحسن، اردو بازار لاہور، صفحات: 319، سائز: 23×36/16، قیمت: درج نہیں

زیر تبصرہ کتاب ''احکام سفر'' دراصل عربی زبان میں لکھے گئے ایک تحقیقی مقالہ کا اردو ترجمہ ہے، جسے مفتی محمد طاہر مسعود صاحب نے اس وقت لکھا تھا، جب وہ جامعہ دارالعلوم کراچی میں تخصص فی الافتاء، سال سوم کے طالب علم تھے، اس مقالہ میں دوران سفر پیش آنے والے تمام اہم مسائل، چاروں ائمہ کرام کے نقطۂ نظر کو سامنے رکھتے ہوئے بیان کئے گئے ہیں، ہر مذہب کے دلائل، ان کا مناقشہ، ترجیح راجح وغیرہ اس مقالہ کی نمایاں خصوصیات ہیں، البتہ اردو ترجمہ میں عام مسلمانوں کی رعایت کرتے ہوئے فقہ حنفی کی روشنی میں صرف مسائل کے بیان پر اکتفاء کیا گیا ہے، بیان مذاہب، دلائل، مناقشہ دلائل، ترجیح راجح وغیرہ سے اغماض برتا گیا ہے، ہر مسئلہ باحوالہ لکھا گیا ہے۔ نیز ایک اور اہم امتیازی خصوصیت کتاب کے وہ 87 صفحات ہیں جن میں وطن اقامت کے سفر سے باطل ہونے کی بابت معاصر ارباب فتویٰ کی آراء لے کر اس مسئلہ کی خوب تنقیح کی گئی ہے، ہماری نظر سے اس مسئلہ کی بابت ایسی تفصیل کسی اور کتاب میں نہیں گزری۔

شروع میں مستند اور جید علماء ومشائخ عظام کی تقاریظ سے کتاب کی ثقاہت مزید بڑھ گئی ہے، یہ کتاب مضبوط جلد بندی، دیدہ زیب ٹائٹل، معیاری طباعت اور مناسب کاغذ کے ساتھ چھاپی گئی ہے۔

☆☆☆

## طرز فکر کی درستگی

مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ کی ایک صاحبزادی کو اپنے کئی دانت تکلیف اور درد کی وجہ سے نکلوانے پڑے ایک مرتبہ وہ دانت نکلوا کر اپنے والد صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئیں، آپ نے ان کا حال پوچھا تو اپنا حال بتلاتے ہوئے اُن کے منہ سے یہ بات نکل گئی کہ ''ابا جی! یہ دانتوں کا معاملہ بھی عجیب ہوتا ہے بچپن سے نکلتے ہیں تو اس وقت بھی تکلیف دیتے ہیں اور جب ٹوٹنے پر آتے ہیں تو اس وقت بھی تکلیف دیتے ہیں۔

حضرت مفتی صاحب نے فرمایا: بیٹی تمہیں ان دانتوں کی بس یہ دو باتیں یاد ہیں کہ انہوں نے آتے وقت بھی تکلیف دی اور جاتے وقت بھی تکلیف دی، اور ان واقعات کے درمیان سالہا سال تم نے اس کدائی مشین کو استعمال کر کے جو لذت وراحت حاصل کی اس کی طرف کوئی دھیان نہیں۔

(ماخوذ: حق وباطل کی پہچان)

☆☆☆



© rasailojaraid.com